کرنے کے لیے بھی تجاویز موجود ہیں۔اور اسے عملی جامہ پہنانے کے لیے بھی تجاویز ہیں کہ یہ ہونا چاہیے۔اس میں جناب اسپیکر صلہ رحمی کا بھی تعین کیا گیا ہے۔لیکن بدقسمتی سے ہمارے سیاست دانوں نے اور سیاست دانوں کے لیے بھی تجاویز پیش کی گئی ہیں۔سیاست دانوں کے لیے منزل اور ان کے لیے بھی تجاویز رکھی گئی ہے۔اگر سیاست دان بھی اگر اسلامی سیاست کرنا چاہیں۔تو اسے اس طریقہ پر چلانا چاہیے۔جناب اسپیکر!اس میں صلہ رحمی کا بھی ایک قانون ہے۔لیکن ہمارے سیاست دانوں نے اس کا غلط مطلب لیا ہے۔جب نبی کریم علیہ صلوٰۃ و سلام پر جو وحی نازل ہوئی تھی اور وہ گھر تشریف لائے تو حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ فرمایا کہ وحی نازل ہوتے وقت مجھ پر ایک دہشت طاری ہوئی۔اور مجھ پر ایک بخار کی کیفیت طاری ہوئی۔میرے پاس ایک ایسا آدمی آیا مجھے اس سے ڈر لگا۔یہ کیا مصیبت ہے۔تو حضرت خدیجہ کبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان سے کہتی ہیں۔میں یہاں یہ سمجھتی ہوں کہ کوئی مصیبت نہیں ہے۔آپ میں کیونکہ ایسا اخلاق موجود ہے۔یہ اخلاق اور اوصاف جس شخص میں موجود ہوں تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ اللہ جل جلالہ اس انسان کو اذیت نہیں پہنچائیں گے۔اس پر دہشت طاری نہیں کریں گے۔حضرت خدیجہ کبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ۔(عربی بیان)یعنی

حضرت خدیجہ کبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں جناب آپ میں ایک صفت ایسی صفت موجود ہے۔آپ اللہ تعالیٰ کے انسانوں کے لیے۔مسلمانوں کے لیے انسانوں کے لیے اور آپ انسانوں سے محبت رکھتے ہیں۔اور انہیں آپ محبت کا درس دیتے ہیں۔ایک دوسرے سے محبت کا درس دیتے ہیں نفرتوں کا درس نہیں دیتے تھے۔اس وجہ سے جس میں یہ صفت موجود ہو انہیں اللہ جل جلالہ کوئی اذیت نہیں پہنچائیں گے۔لہٰذا کسی اذیت پریشانی کی بات نہیں ہے بلکہ یہ وحی الٰہی تو ہو سکتی ہے۔اور یہ رحمت الٰہی تو ہو سکتی ہے۔لیکن یہ کوئی آزار کی بات نہیں ہو سکتی ہے۔دوسری صفت انہوں نے بتائی۔جب کوئی انسان یا دشمن کی طرف سے اس پر بوجھ آتا تھا تو آپ اس سے بوجھ اٹھانے کی کوشش کرتے تھے وانکسبو المعلوم اور بے روزگار لوگوں کے لے روز گار فراہم کرتے تھے و ترکزیب اور آپ مہمان نوازی کرتے تھے اور نوائے بالحق اور جب دو آدمیوں کی طرف جھگڑا ہوتا تو آپ حق کی طرف ہاتھ بڑھاتے تھے حق کی طرف اپنا طاقت استعمال کرتے تھے دوسری طرف جتنے بڑے آدمی تھے لیکن آپ حق دار کی حمایت کرتے تھے اور حق کی

طرف آپ تعاون جاری رکھتے تھے لہٰذا یہ پانچ صفات کے لوگ جو ہیں انہیں اللہ تعالیٰ ذلیل اور خوار نہیں کرتا ہے لہٰذا یہ اللہ کی رحمت ہو سکتی ہے تو جناب اسپیکر اگر ہمارے اندر یہ پانچ صفات جو نبی صلعم نے بتائے ہیں ان پانچ اوصاف کی وجہ سے ان کو نبوت جیسی بڑی نعمت ملی تو میں سمجھتا ہوں کہ آج' اگر ہم اس اپنے معاشرے میں ان پانچ صفات کے مالک بن جائیں تو شاید ہم نبی کریم صلعم کے راستے پر چلیں اور ان کے سامنے ثواب اور اجر مل جائے گا اور ہمارا اپنا معاشرہ صالح تشکیل ہو جائے گا کیونکہ جو انہوں نے پانچ اوصاف اصلاح معاشرے کے لیے دیئے ہیں وہی انہوں نے اپنے اندر پیدا کئے تھے۔ اس سے بڑھ کر جو سیاست دانوں کے کردار کا تعین کیا گیا تھا اس میں کہا گیا ہے صفحہ ۲۲۸۔ تعصبات کا خاتمہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں واضح لکھا گیا ہے کہ اسلام ایک واضح اور وحدت کا دین ہے مسلمانوں کے درمیان وحدت پیدا کرنا اور وحدت کی سیاست کرنا اپنے ملک میں اس کے لیے تحریک چلانا مسلمان کی صفت ہوتی ہے اور اس صفت پر عمل کرنا تو اس کے بارے میں تعصبات کے خاتمے کے لیے اس رپورٹ میں لکھا گیا ہے لیکن جناب اسپیکر اس کے برعکس ہمارے صوبے میں اور ہمارے ملک میں ایسے لوگ موجود ہیں جو خالص' اور خالص نفرتوں کی بنیاد پر سیاست کر رہے ہیں نفرتوں کی بنیاد پر لوگوں کو اپنے ساتھ ملاتے ہیں تعصب کی بنیاد پر اپنی سیاست کو چمکانے کی کوشش کر رہے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ نبی کریم صلعم کی اس کے مطابق حدیث ہے اور اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ اس کے مصداق ہے اور اس کا مضمون ہے۔ "من الصلی دعوہ بادعوہ جاہلیہ الجزاال جہنم وانسان الصلی وزانہ انہ المسلم۔" اگر کسی نے دعوی جاہلیت پر نعرہ لگایا اور تعصب پر نعرہ لگایا اور قوم پرستی کا نعرہ لگایا جو جاہلیت کا نعرہ ہے تو یہ ذخیرہ جہنم ہے اگرچہ روزہ رکھتا ہے اگرچہ نماز پڑھتا ہے یا گرچہ حج کرتا ہے-----(شور)

مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی - جناب اسپیکر میں پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہوں۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - جی خان صاحب۔

مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی - جناب والا مولانا صاحب جہاں تک اسلام کے بنیادی عقائد قرآن اور سنت کا اطلاق ہے ہم سارے مسلمان ہیں مولوی صاحب سرمن Sermon دینے لگے ہیں جیسا کہ وہ کسی مسجد میں کھڑے ہو کر کوئی خطبہ سنا رہے ہوں ہم یہاں خطبہ سننے کے

لیے نہیں بیٹھے ہیں ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمیں اس کے لیے ایسی سفارشات مرتب کرنی چاہیں جس سے ہم اس کو فیڈرل گورنمنٹ کے پاس بھیج دیں اور اصل بات تو یہ ہے کہ مولانا صاحب کے استاد مرکز میں اور اس پارلیمنٹ میں بیٹھے ہوئے ہیں یہ جو سرمن ہمیں سنا رہے ہیں یہ وہاں مرکزی پارلیمنٹ میں وہاں سرمن Sermon آپ کیوں نہیں سناتے ہیں ہمیں یہاں پر قرآن حدیث نبوی کسی چیز پر اعتراض نہیں ہے اس پر سب متفق ہیں تو آپ یہ سرمن ہمیں کس لیے سنا رہے ہیں سوال دراصل یہ ہے کہ اس کو کیسے لاگو کیا جائے کیسے نافذ کیا جائے' اس کے متعلق آپ ایک ٹھوس بات کریں کہ ہم اس کو کس طرح سے آگے لے جائیں اس معاملے کو کیسے کریں اور اگر اس ملک میں حدیث اور سنت نبوی کے قوانین کو اس ملک میں اگر نافذ کرنا چاہتے ہیں تو کس طرح کریں اس کے لیے آپ ٹھوس تجاویز دے دیں یعنی اپنی طرف سے یہ تجاویز ہوں اور میں خود اپنی باری پر بولوں گا تجویز یہ ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کے پاس بھیج سکتے ہیں جناب یہ سرمن تو ہم مسجد میں روز سنتے ہیں اور سینکڑوں سال سے سن رہے ہیں مگر اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے سوال یہ ہے کہ اس پر عمل کیسے کیا جائے؟ اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے سوال دراصل یہ ہے کہ اس پر عمل کیسے کیا جائے۔ اس کے متعلق ٹھوس تجاویز آنی چاہیں اور پھر اپنے موضوع سے ہٹ کر قوم پرستی اور قبائلیت اور ان چیزوں کی طرف چلے گئے ہیں یہ خود آپ کا یہ فرمانا غیر اسلامی فعل ہے تعصب پرستی دیگر چیزوں کا ذکر —— اس کا جواز نہیں ہے وہ موضوع کے متعلق بات کریں ——

(شور)

جناب ڈپٹی اسپیکر - جی خان صاحب آپ تشریف رکھیں اور مولانا صاحب آپ رپورٹ سے متعلق بات کریں۔

مولانا عبدالواسع - جناب والا میں متعلقہ بات کر رہا ہوں آپ رپورٹ اٹھائیں اس میں لکھا ہے صفحہ نمبر ۲۲۸ پر کہ تعصبات کے بارے میں لکھا گیا ہے اگر رپورٹ پر بحث ہے پھر جب ان کا نمبر آتا ہے وہ جو بھی بحث کریں کر سکتے ہیں ان کو اجازت ہے۔

مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی - جناب مولانا صاحب تعصبات ٹھیک ہیں تعصبات نہیں ہونے چاہئیں مسلمانوں کے درمیان یہ باتیں نہیں ہونی چاہیں مگر اس کے لیے کوئی طریقہ کار

بتلائیں اس کے لیے کیا طریقہ کار ہونا چاہیے۔ (شور)

جناب ڈپٹی اسپیکر — جناب مولانا صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

مولانا عبدالواسع — جناب میں غیر متعلق بات نہیں کررہا ہوں آپ اس رپورٹ کو اٹھائیں دیکھیں اگر اس میں ہے تو پھر میں اپنا مافی الضمیر بیان کر سکتا ہوں جب حمید خان صاحب کا نمبر آتا ہے وہ جس طریقے سے چاہتے ہیں وہ بولیں جناب اسپیکر تعصبات کے خاتمے کے لیے میں نے جو بات کی ہے آپ اس صوبے پر نظر ڈالیں اور آج ہمارے صوبے میں جو صورت حال ہے ہمارے صوبے کی جو سیاست ہے ہمارے صوبے کی جو یہاں نمائندے بیٹھے ہوئے ہیں کیا یہ تعمیری سیاست کر رہے ہیں کیا یہ صوبے کی بہبود اور ترقی کے لیے سیاست کر رہے ہیں یا اس صوبے کی تباہی اور مسلمانوں کی تباہی کے لیے سیاست کررہے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ تعصبات کی سیاست نفرتوں کی سیاست محمد رسول اللہ صلعم نے چودہ سو سال پہلے اس کو برا کہا ہے اور اس کو ناجائز قرار دیا ہے تو آج اس اسمبلی میں بول بھی سکتا ہوں اور آج ہماری یہ بد قسمتی ہے کہ ہم جب بات کرتے ہیں تو جواب یہ ملتا ہے کہ یہ مسجد نہیں ہے کیا ہم یہاں مسلمان نہیں بیٹھے ہیں مسلمان کے جو نظریات ہیں اور جو اسلام ہم پر لاگو کرنا چاہتا ہے تو یہ مسجد میں لاگو نہیں ہوسکتا اگر ہم اس کو لاگو کرنا چاہتے ہیں تو اس ایوانوں سے پاس کر کے پھر یہ نظام اسلام لاگو ہو سکتا ہے مثال کے طور پر انگریزوں نے ہمارے ذہن میں یہ ڈالا ہوا ہے کہ حکومت ایوان اور مسجد کے درمیان فرق ہے کہ مسجد کے اندر جو بھی بولا جائے تاکہ اس کی آواز دوسروں تک نہ پہنچ سکے لیکن ایوانوں کے اندر اس پر بحث نہ کریں ایوان کے اندر غیر اسلامی نظام پر بحث کیا جائے کیونکہ ہم غلام ہیں اور ان کے غلام بنے ہوئے ہیں اس وجہ سے ہم اس سے مرعوب ہیں۔ مغرب سے مرعوب ہے اور یہاں اگر امریکہ کے نظام پر بحث ہوجائے تو شاید ٹھیک ہے یہ ایوان سے مناسبت رکھتا ہے اگر یہاں برطانوی کے نظام سے بحث ہوجائے وہ اس سے مناسبت رکھتا ہے اگر نظام الٰہی سے بحث ہوتا ہے تو یہ ایوان اس سے مناسبت نہیں رکھتا ہے یہ ہماری سب سے بڑی بد قسمتی ہے جناب اسپیکر میں یہ کہنا چاہتا ہوں اور ہمارا منشور بھی یہی ہے کہ رسول اللہ صلعم کا جو دین ہے نافذ کیا جائے پاکستان اور اس قومی ادارے میں یہ نظام ہو۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - جناب حمید خان صاحب اس کے بعد آپ کو موقعہ دیا جائے گا آپ جو بولنا چاہیں بولیں گے۔

مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی - جناب ہم مولانا صاحب سے یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے کبھی تعصب کی بات نہیں کی اور اس کا بنیاد نہیں رکھا ہے۔ مولانا صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ تعصبات ہو رہا ہے یہ ہو رہا ہے وہ رہا ہے۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - مولانا صاحب آپ رپورٹ سے متعلق بات کریں۔ پلیز۔

مولانا عبدالواسع - جناب اگر آپ کہتے ہیں تو میں نہیں بولوں گا۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - جناب آپ بولیں بالکل بولیں۔

مولانا عبدالواسع - جناب جب ان کا نمبر آجائے تو بولیں جو کچھ بولنا چاہیں گے بولیں چاہے مخالفت کریں یا حمایت وہ جانے اس کا کام۔ لیکن میری تقریر کے دوران وہ کیوں مداخلت کرتا ہے۔ اگر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کا ذکر کرتا ہوں تو وہ اس پر کیون اعتراض کرتا ہے۔ میں اپنی جانب سے نہیں بول رہا ہوں میں واقعات کا ذکر کر رہا ہوں-------- (مداخلت)

جناب ڈپٹی اسپیکر - معزز ارکان سے گزارش کی جاتی ہے۔ کہ تشریف رکھیں۔ جی خان صاحب۔

مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی - جناب اسپیکر مولانا صاحب خود اپنی بات کی نفی کر رہا ہے۔ کہتا ہے کہ تم جانو اور تمہارا کام' اگر ہم جانیں اور ہمارا کام تو مولانا صاحب پھر کس مقصد کے لیے بول رہا ہے۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - جناب خان صاحب آپ تشریف رکھیں۔ مولانا صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

مولانا عبدالواسع - جناب اسپیکر میں یہ حق رکھتا ہوں جس طرح بولوں میں نے حمید

خان کے بارے میں کوئی ایسی بات نہیں کی بلکہ میں نے بخاری شریف کی ایک حدیث کا ذکر کیا۔ اس حدیث کے زد میں جو آتا ہے۔ اگر وہ آتا ہے تو اپنا اخلاق درست کریں اگر نہیں آتا ہے اس کے زمرے میں تو ٹھیک ہے۔ لیکن ان کو کیا تکلیف جو میری تقریر میں بار بار مداخلت کرتا ہے اگر ان کے اندر یہ عمل موجود نہیں تو یہ دوسری بات ہے ---- (شور) ---- (مداخلت)

جناب ڈپٹی اسپیکر - مولانا صاحب آپ مجھ سے مخاطب ہو کر بات کریں۔ جی حمید خان صاحب۔

مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی - جناب میں ان کی مخالفت نہیں کرتا بلکہ ان کی اصلاح کر رہا ہوں۔ یہ غلط انداز میں بول رہا ہے۔ میں مخالفت بالکل نہیں کرتا۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - خان صاحب آپ تشریف رکھیں۔ مولانا صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

مولانا عبدالواسع - جناب اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق کوئی اس ایوان میں لائے کہ وہ قوم پرستی کا سیاست کرسکتے ہیں یا تعصب کی سیاست کرسکتے ہیں اگر کوئی یہ ارشادات لائے تو میں شاید آپ سے اتفاق کرسکتا ہوں۔ اگر آپ نے نہیں لائے اللہ جل لہ شان ہو کا فرمان ہے۔ (عربی) ------ یہ تو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ جس کا میں نے پہلے ذکر کیا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ اگر اس پر کوئی عمل کرے اور اس کے مقابلے میں کوئی جواز کچھ پیش کرسکتا ہے تو میں پھر آپ سے اتفاق کرتا ہوں اگر آپ نے پیش نہیں کیا اور آپ کے اندر یہ عمل نہیں تو میں نے تعصبات کے خاتمے کے لیے چند گزارشات پیش کی ہے۔ جناب اسپیکر میں اپنی تقریر ختم کرنا چاہتا ہوں اور ساتھ یہ گزارش کرتا ہوں کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی یہ رپورٹ ہے یہ محکمہ حکومت پاکستان کا ایک سرکاری ادرہ ہے۔ انہوں نے جو رپورٹ مرتب کی ہے۔ اس پر عمل درآمد کے لیے اس ایوان سے اور ایوان کے اختیارات میں جتنی جلد ہو قانون سازی کرلے اور اپنے عوام کے لیے اس صوبے کے لیے نظام الٰہی رائج کرنے کے لیے پیش قدمی کرلیں تاکہ ہمارا صوبہ اس نظام الٰہی سے ثمر آور ہوجائے۔ اگر اللہ کا نظام ادھر نافذ ہوگیا میں سمجھتا ہوں کہ نہ اچکزئی صاحب نہ دوسرے حضرات یہاں نفرت کی سیاست کرسکتے ہیں بلکہ قومی سیاست صرف

پاکستانی قوم کی حیثیت سے یا مسلمان کی حیثیت سے کر سکتے ہیں۔ یہ چھوٹے چھوٹے قبیلوں کی سیاست کوئی نہیں کر سکتا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - کوئی اور معزز رکن؟۔

مسٹر کچکول علی ایڈووکیٹ (صوبائی وزیر) - جناب اسپیکر آج نظریاتی کونسل کی رپورٹ پر بحث کا دن ہے اس پر ہم نے ایک طائرانہ نظر ڈالی ہے۔ اس میں جہاں تک بلوچستان میں ۱۸۰۰ء سے لے کر اب تک عدالتیں قضاء کی انہوں نے تذکرہ کی ہے ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں کہ واقعی یہاں شروع سے اسلامی قوانین رائج ہو چکے ہیں لیکن علاوہ ازیں اس رپورٹ میں جو سفارشات کی گئی ہیں کہ دور حاضر میں صرف وہ لوگ قاضی کے عہدے پر فائز ہو سکتے ہیں جو اسلامی مدرسوں سے فارغ ہوئے ہوں۔ اس سے پہلے حکومت نے ان لوگوں کو بھی یہ رعایت دی تھی جو ایل۔ بی پاس ہو۔ لیکن اب اس نے یہ سفارش کی ہے کہ ایل۔ ایل۔ بی پاس کو قاضی کے عہدے پر فائز نہ کیا جائے۔ میرے خیال میں اس میں بہت سی پیچیدگیاں ہیں۔ اس کی میں اس طرح وضاحت کرتا چلوں ایک تو یہ جب ہم پہلی جماعت سے لے کر سیکنڈری یا ہائی سیکنڈری تک اسلامی جتنے بنیادی تھاٹ Thought ہیں وہ ہم اسکول میں سیکھ جاتے ہیں دوسری بات یہی قاضی کیس سپریم کورٹ تک پہنچتے ہیں۔ وہاں ان کی تفسیر اور تشریح ہوگی۔ دوسری بات اسلام ایک عالم گیر مذہب ہے۔ میں معذرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہمارے ملاؤں نے اس کو عالم گیر سے ہٹ کر علاقائیت تک محدود کر رکھا ہے۔ اگر آپ لندن جائیں وہاں لاء کالج ہے۔ وہ ہمارے رسول پاک محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جیورسپروڈنس Jurisprudence میں ٹاپ آف لسٹ ہیں۔ جیورسپروڈنس میں اس کی ویزڈم اتنی محدود نہیں تھی۔ ہمارے ہاں عالم کی تعریف کوئی نہیں کر سکتا بلکہ ہمارے دیہی علاقوں میں عالم تو اس کو کہتے ہیں جس کو مذہبی علوم سے واقفیت ہو۔ لیکن اگر آپ انسیکلوپیڈیا میں لفظ لرنیٹ کی تعریف دیکھ لیں اس میں عالم اس شخص کو کہتے ہیں جو مذہبی علوم سے جدید علوم سے معاشرتی علوم اور سائنسی علوم سے واقفیت رکھتا ہو۔ لیکن ہمارے ملاؤں نے عالم کی انٹرپریٹیشن اس طرح کی ہے کہ جب کوئی پنج کتاب یا شیخ سعدی یا کچھ اور مذہبی کتابیں پڑھ لے تو وہ ایک بڑا عالم ہے۔ میرے خیال میں جو عالم کی اصل ڈیفینیشن ہے ہم اس

کو تسلیم کریں۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہمارے جتنے بھی مذہبی لوگ ہیں ہم ان کی عزت کرتے ہیں اور ان کی تعلیمی معیار سے کچھ سیکھنا چاہتے ہیں۔ ہم ہرگز نہیں کہتے کہ شیخ سعدی اچھا آدمی نہیں رہا ہم یہ کہتے ہیں کہ وہ ایک عظیم فلاسفر تھا۔ لیکن میں نے برنارڈشا شکسپئر کو جب پڑھا وہ سب ہی انہی کے مقابلے کا آدمی ہے۔ لیکن یہاں اگر کسی نے شیخ سعدی کے متعلق پڑھا وہ کہتا ہے کہ وہ ایک عظیم آدمی تھا لیکن برنارڈشا شیکسپئر یا عبداللطیف بھٹائی کچھ نہیں میرے خیال میں یہ درست نہیں ہم لوگوں کو اپنی وسعت کو وسیع کرنا چاہیے۔ میں پھر اصل مقصد کی طرف آتا ہوں کہ ایل ایل بی کی ڈگری رکھنے والوں کو قاضی کی آسامیوں پر فائز نہ کرنے کی سفارش یہ ایک اچھی بات نہیں۔

حالانکہ ایک ایل ایل بی کے طالب علم کو کالج میں محملن جیورسپریوڈنس (Juirisprudence) پڑھایا جاتا ہے۔ محملن جیورسپریوڈنس کا مطلب یہ ہے کہ فلاسفہ قانون محمدی۔ ایک اور مضمون مسلم پرسنل لاء بھی پڑھاتے ہیں بلکہ جتنے بھی ہمارے امور ہیں آپ کے وراثت کی جو فلسفہ شادی بیاہ میرے کہنے کا مقصد یہ کہ آپ کے جتنے بھی دنیاوی امور ہیں وہ مسلم لاء میں موجود ہیں اور ایل۔ ایل۔ بی کی ڈگری کے لیے باقاعدہ امتحان لیا جاتا ہے۔ تب کامیابی کے بعد یہ ڈگری دی جاتی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ پاکستان میں اسلامی نظام نہیں ہے اور ہم یہ سفارشات نہیں کرتے ہیں میرے خیال میں ہم لوگ یہ دیکھ لیں کہ اول قانون کیا ہوتا ہے؟ قانون ان دنیاوی مضمرات کو کہتے ہیں کہ جب حالات ڈسٹربنس میں ہوں گے تو آپ ان کو کس طرح کنٹرول کرلیں گے وہ حالات جو چودویں صدی میں تھے وہ نہیں ہیں یہ ہم بالکل کہتے ہیں کہ ہمارے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بہترین جیورسٹ تھے اور ابھی تک ان کے نظیر اور جو قول ہیں یا اس کے فیصلے ہیں وہ بالکل مثالی ہیں اور میں یہ بھی کہتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفےٰ اپنی وکالت اتنا نہیں کرتے تھے جتنا یہ لوگ کرر ہے ہیں میں آپ لوگوں کے سپریم کورٹ کی ایک رولنگ پیش کرتا ہوں کہ شفا کے ایک کیس میں ایک وکیل نے کہا تھا جس کا نام مجھے یاد نہیں ہے جب محمد مصطفےٰ صلعم کا زمانہ تھا وہاں جو انگریڈنس تھے چار بنیادی لوازمات تھے یا تین تھے ابھی جب دنیا نے ترقی کی ہے ابھی اسٹیٹ کی وسعت ہے اور بڑا وجود ہے اس وقت اسٹیٹ کی کوئی اہمیت نہیں تھی لہٰذا دنیا نے یہ ترقی کی ہے اور اسٹیٹ کا ایک بڑا وجود ہے اس وقت اسٹیٹ کو اہمیت نہیں دی ہے لہٰذا میں یہ کہتا ہوں کہ آپ لوگ اس سلسلے میں میری بات کو مد نظر رکھتے ہوئے شفا کی جو قانون ہے اس میں

تبدیلی لائیں اس نے پھر محمد مصطفیٰ صلعم کا ایک واقعہ بیان کیا ہے کہ عربستان ٹھیک نخلستان ہے مکران جیسا۔ محمد مصطفیٰ صلعم اپنے صحابیوں کے ساتھ گھوم رہے تھے کہ لوگ کھجور کی درختوں پر چڑھ رہے تھے تو محمد مصطفیٰ صلعم نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا کر رہے ہیں میرے خیال میں کچھ دوست نہیں جانتے ہیں ہمارے ہاں دو قسم کے کھجور کے درخت ہوتے ہیں ایک کو ہم کہتے ہیں نر ایک کو ہم کہتے مادہ۔ نر کے ایک دو خوشے ہم اس مادہ درخت کے خوشوں میں ڈال دیتے ہیں اردو زبان میں سیرابی کہتے ہیں وہ کرتے جائیں تب وہ فصل دے گی ورنہ نہیں دے گی اور اس میں گٹھلیاں وغیرہ نہ ہوں گی اور وہ فصل ناکارہ ہوگی ایسا ہوا کہ محمد مصطفیٰ صلعم نے یہ کہا کہ یہ کیا کر رہے ہیں تو صحابی نے کہا کہ یہ کھجوروں کی تعبیر کر رہے ہیں محمد مصطفیٰ نے فرمایا کہ اس کی تعبیر نہ کریں یہ خود ہی فصل دے گی۔ یہ ہوا جب فصل کا سیزن ہوا سارے کھجور کے درخت جو تھے فصلات موجود تھے لیکن وہ بغیر گٹھلیوں کے ہوئے صحیح نہیں ہوئے تو محمد مصطفیٰ صلعم خود ہی حیران ہوئے اور انہوں نے فرمایا کہ ان کی عظمت کو دیکھیں ہم ان کی وکالت کرتے ہیں ہم اپنے جھگڑوں میں پڑ جاتے ہیں اور اپنی انا کو مطمئن کرتے ہیں تسکین دیتے ہیں لیکن ہم میں وہ جوہر نہیں ہے انہوں نے فرمایا اپنے صحابیوں کو اور وہاں کے لوگوں کو کہا کہ خیال کریں کہ میں بھی آپ لوگوں کی طرح انسان ہوں دنیاوی معاملات میں۔ اور انہوں نے دو الفاظ استعمال کئے ہیں کہ دنیاوی معاملات تجربات پر ہم لوگوں کا انحصار ہے مجھے یہ تجربہ اور مشاہدہ نہیں ہوا ہے یہ دنیاوی معاملہ ہے مجھے اس کا پتہ نہیں تھا' میں بھی آپ لوگوں کی طرح انسان ہوں میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ محمد مصطفیٰ صلعم کے بعد دنیا نے کتنی ترقی کی ہے اس وقت الیکٹریفکشن کا کوئی لاء نہیں تھا ریلوے سسٹم نہیں تھا اس کا کوئی لاء نہیں تھا لیکن بعد میں جو یہ ڈویلپمنٹ ہوئی ہے میں نے آپ لوگوں کو یہ کہا تھا کہ لاء کی فلاسفی یہ ہے کہ سوسائٹی میں جتنی گروتھ ہوگی اس میں جتنی ہمواریاں ہوگی ان کو آپ کس طرح ہم آہنگ بنادیں گے تاکہ سوسائٹی صحیح طریقے سے چلے اپنا کام کرے اور میرے خیال میں یہ واحد علاقہ ہے اور واحد قوم مسلمان ہے کہ ہمارے پیغمبر نے بنیادی بات بتادی اور اسلامک لاء کی جو سورسز ہیں وہ چار ہیں قرآن شریف ۔ قرآن شریف اگر سیلسنس رہا تو پھر حدیث۔ حدیث کے بعد ہمارے جتنے جیورسٹ ہیں وہ آتے ہیں اس کے بعد اگر یہ سارے جیورسٹ کی سمجھ میں نہیں آیا تو پھر اس کے بعد اتھارٹی۔ کہ اس کو یہ قابلیت اور صلاحیت ہو اس کی باتوں کو بھی لاء کا درجہ دیتے ہیں لیکن

میرے خیال میں ابھی تک پاکستان میں ماسوائے تنقید کے ابھی تک کوئی جیورسپنڈنس ایسا نہیں۔ میں ایک لاء کا سٹوڈنٹ ہوں ابھی تک کوئی جیورسپنڈنس پیدا ہی نہیں ہوا انہیں جو محمد مصطفےٰ صلعم نے جو بنیاد دی ہے وہ ایسا ہی کوئی قانون بنا دیں تاکہ ہم لوگ اپنی سوسائٹی کو چلائیں اور میں آپ لوگوں کو ایک اور بات بتا دوں ایک ہوتا ہے UNIVERSAL TRUTH یہ وہ چیز ہے چاہے اس کو ایک ہندو کہے چاہے اس کو ایک مسلم کہے چاہے اس کو ایک انگریز کہے اس کا جو قانون ہے وہ خود ہی ٹھیک ہوگا ہمارے جتنے قوانین اچھے ابھی جو سرمن Sermon کے بارے میں انہوں نے بات کی ہے حمید اچکزئی صاحب نے کہا ہمارے سرمن کے بارے میں۔ حضور صلعم کا آخری خطاب ہے آپ لوگوں کو پتہ ہے ہمارا جو DECLEARATION OF HUMAN RIGHT اس کی فلاسفی ہی بالکل یہی ہے حالانکہ ہم انگریزوں کو کہتے ہیں کہ ہم ان کے پیچھے پڑے ہیں وہ بھی آپ کی جو اچھی چیزیں ہیں لے رہا ہے لیکن مجھے اور آپ میں صلاحیت ہی نہیں ہے۔HUMAN DECLEARATION کی جو فلاسفی ہے

IT IS THE LAST ADDRESS OF HUZRAT MUHMMAD PEACE BE UPON HIM حالانکہ میگنا کارٹا ہے بل آف رائٹس ہے یہ سارے تو انگریزوں نے بنائے ہیں لیکن محمد مصطفےٰ صلعم کی جو باتیں ٹھیک ہیں انہوں نے یہ نہیں کہا کہ چونکہ یہ مسلم ہے ہم اس کو نہیں لیں گے میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم لوگ قانونی معاملوں میں اپنے ذہن کو اتنا محدود نہ رکھیں کہ ہم لوگ پیچھے ہو جائیں اس کے بعد میں آگے یہ کہتا ہوں کہ ہمارے مولانا صاحب کو پتہ ہی نہیں ہے جتنے بھی اسلامی قوانین ہیں وہ پہلے سے نافذ ہیں کل یا پرسوں کسی نے حدود آرڈیننس کے بارے میں غلط انٹرپریٹیشن کیا تھا میں نے مداخلت نہیں کی۔ حدود آرڈیننس بھی یہاں لاگو ہے قصاص یا دیت آرڈیننس بھی یہاں لاگو ہے اور زکوۃ جو معاشی قانون ہے وہ بھی لاگو ہے عشر بھی لاگو ہے صرف بات یہ ہے کہ جب ہم اس کو قابل عمل سمجھتے تھے تو اس وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت ہمیں یہ کوڈ دیئے تھے ابھی ہم اور آپ اس کو پراگرس نہیں کر سکتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ میں کہتا ہوں کہ ایک حیرت کی بات ہے

پارلیمنٹ پر کہ ہم لوگوں نے اپنے کو اتنا محدود رکھا ہے کہ مہذب سوسائٹیوں میں جتنے قوانین بنائے جاتے ہیں وہ اسمبلیوں سے ہوتے ہیں لیکن پاکستان واحد یہاں ایک ایسا ادارہ ہے اسٹیٹ ہے انہوں نے یہاں ایک عدالت بھی قائم کی ہے کہ جو قوانین اسلامک انکشن سے کنٹرڈیکٹ Islamic diction contract کریں ان کی تصحیح کی جائے جسے ہم لوگ وفاقی شرعی عدالت کہتے ہیں مولانا صاحب آپ اس سے آگے نہیں بڑھ سکتے ہیں بلوچستان اسمبلی کی اتنی اہمیت نہیں ہے وہ لیجسلاجو نہیں کرسکتی ہے کیونکہ وہ لیجسلیشن کے رائٹ Rights ہیں وہ قومی اسمبلی نے اپنے قبضے میں لی ہے آپ کی کیا حیثیت ہے اگر قانون کی حیثیت سے دیکھا جائے تو ہماری اسمبلی کی حیثیت ایک ڈسٹرکٹ کونسل کی سی ہے آپ کون سے قانون کی بات کر رہے ہیں جتنے معاملات ہوں گے آپ ایک قانون تو آپ بنا سکتے ہیں یہ سارے اختیارات فیڈرل گورنمنٹ کی لیجسلیٹو لسٹ ہے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اسی آئین میں جو کنکرنٹ Concurrent لسٹ کے اختیارات آپ کو نہیں حاصل پہلے صوبوں کو دیئے تھے اب فیڈرل گورنمنٹ نے وہ غصب کرلئے ہیں آپ کا زکوۃ ڈیپارٹمنٹ جو ہے وہ پہلے کنکرنٹ لسٹ میں ہے پہلے انہوں نے صوبوں کو دیا تھا اب انہوں نے غصب کرلیا میرے کہنے کا مقصد یہ اسمبلی۔ اسمبلی کا مقصد یہ ہے کہ قانون بنائے مگر اس اسمبلی کے اختیارات وفاقی اسمبلی نے لے لئے ہیں اب صوبوں کو یا یونٹوں کو کوئی اختیار نہیں دوسری بات یہ ہے کہ اگر وفاق کو کوئی قانون بنانے کے اختیارات ہیں آپ مذہبی لوگوں میں بازور شمشیر وفاقی عدالت قائم کی ہے اور اس نے جو پارلیمنٹ کے جو اختیارات ہیں انہوں چھین لئے ہیں مقننہ جو ہوتی ہے پارلیمنٹرین ہوتے ہیں یہ پاکستان ہے کہ قانون آپ اپنے لوگوں کے مطابق بنادیں گے لیکن اس کے اوپر وفاقی شرعی عدالت قائم ہے مولانا صاحب یہ گلہ ہم آپ سے کر رہے ہیں آپ نے جو فیڈرل شریعت کورٹ قائم کی ہے اس کو یہ اختیارات دیے گئے ہیں کہ پارلیمنٹ کچھ بھی نہیں ہے جو آپ کا جی چاہتا ہے وہ سارے اس نے کردیئے ہیں قصاص اور دیت آرڈیننس اس نے کردیا۔ حدود آرڈیننس ہوچکا ہے مجھے آپ بتادیں کہ آپ قانون کے زمرے میں اور کیا لانا چاہتے ہیں صرف یہ کہ ہم کس طرح ان پر عمل در آمد کرتے ہیں اور اس کے

متعلق میں کچھ زیادہ بول رہا ہوں میں آپ لوگوں کو ایک اور مثال دوں گا کہ جسٹس منیر ہر چند کہ اس کی جو انٹلیکچول Intellectual ہے اس پر لوگ شک کرتے ہیں بحیثیت سپریم کورٹ کے اس نے کچھ فیصلے ایسے کئے میں اس پر کمنٹس نہیں کرتا ہوں لیکن اس کی ایک مشہور کتاب ہے اس نالائق اسٹیسٹ نے اس کو بند کیا تھا آپ اس کو پڑھیں (FROM JINNAH TO ZIA) اس نے کلیرکٹ یہ لکھا ہے کہ اسلام کا جو مذہب ہے وہ پراگریسو مذہب ہے جو تاج ہمیں محمد مصطفےٰ صلعم نے دی ہے ہم اس کو عالم گیر بنا سکتے ہیں لیکن یہ ہمارے جو ملا ہیں جنہیں ہم یہی تعلیم یافتہ کہتے ہیں میرے خیال میں' میں شیکسپیئر کو بھی پڑھتا ہوں میں شیخ سعدی کو بہت پڑھتا ہوں میں فزکس کو بھی پڑھتا ہوں میں حدیث بھی پڑھتا ہوں لیکن یہ کہتے ہیں کہ فزکس کو ہاتھ نہ لگائیں یہ کہتے ہیں کہ شیکسپیئر کی کتاب کو گولی مارو۔ خدا کے لیے آپ علم سے کیوں نفرت کرتے ہو اور جس طرح آپ ون سائیڈڈ ہیں آپ کی سوچ تو محدود ہے اس طرح ہم لوگوں کی جو سوسائٹی ہے وہ ایک دلدل میں پھنسی ہوئی ہے ہم لوگ نہ آگے جا سکتے ہیں اور اگر ہم لوگ آگے جانے کی کوشش کریں بالکل تلوار آپ کے ہاتھ میں ہے آپ فتویٰ لگانے میں اتنے ماہر ہیں کہ پوچھیں مت۔ میرے خیال میں جتنے رکمنڈیشن recommendation ہیں جیسا کہ ہمارے ایک ساتھی نے فرمایا ہے انہیں جو سٹینڈنگ کمیٹی ہے اس کے سپرد کر دیں اور میں سی ایم صاحب سے جناب اسپیکر صاحب کے توسط سے گزارش کروں گا یہ قانون کی پروژن provision ہے ایڈووکیٹ ہے جنرل کو یہاں بیٹھنا چاہئے ہمیں اس کی سروسز کی بھی ضرورت ہے میں نہ ماہر ہوں نہ مولوی صاحب ماہر ہیں۔ اس کی جو ذمہ داریاں ہیں وہ پوری کر لیں ایڈوکیٹ صاحب کو یہاں بیٹھنا ہے اور جو بھی پازیٹو لاز positive laws ہیں جتنے رکمنڈیشن ہیں اس اسٹیٹ کی اس صوبے کی بھائی کے لیے جو ہیں ہم لوگ ان سے بالکل اختلاف نہیں کرتے ہیں۔ لیکن باقی یہ بات میری جو اپروچ ہے میرا جو انداز سوچ ہے میں اس کو رکمنڈ کر لوں باقی جس کا نقصان ہے وہ تو میرے خیال میں اس معاملے میں وسیع النظر ہونا چاہئے۔

بہت بہت مہربانی۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - جی مولانا صاحب۔

مولانا عطااللہ - بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم امابعد۔ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ (عربی)

جناب اسپیکر، سب سے پہلے میں معزز اراکین کا مشکور ہوں بلکہ ان کو مبارک باد دیتا ہوں کہ بلوچستان اسمبلی کے معزز اراکین نے متعلقہ طور پر ڈش انٹینا کی لعنت کے خلاف قرارداد منظور کر کے تمام پاکستان کی اسمبلیوں سے سبقت حاصل کی ہے۔ اس کے بعد اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی جتنی بھی سفارشات بھیجی گئی ہیں ان پر عمل درآمد کی ضرورت ہے اسلامی نظریاتی کونسل کے قیام کی افادیت ہو سکتی ہے اگر سفارشات کو محض کتابوں کی زینت نہ رکھا جائے تو پھر اسلامی نظریاتی کونسل کی ضرورت اور اس کے ممتاز علما اعلیٰ عدالت کے جج صاحبان ممتاز سکالرز کی محنت ضائع ہوگی اور تمام اخراجات بے سود ہو جائیں گے اس لیے میں معزز اراکین سے درخواست کروں گا کہ وہ اسلامی نظریاتی کونسل کی پیش کردہ رپورٹ سال ۹۱-۱۹۹۲ء کے علاوہ سابقہ سفارشات جو مسلمانوں کی معاشی معاشرتی تہذیبی تعلیمی قانونی اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق قرآن اور سنت کے مطابق مرتب کیے ہیں ان پر عمل درآمد کے لیے متفقہ یادداشت بھیج دے تاکہ اسلامی نظام حیات میں بلوچستان اسمبلی کا حصہ ہو نیز میں یہ بھی معزز اراکین سے گزارش کروں گا کہ وفاق کو استفساری یادداشت برائے بھیجا جائے کہ اب تک اسلامی نظریاتی کونسل کے کن کن سفارشات پر کس حد تک عمل درآمد ہوا ہے میں تیسری گزارش معزز اراکین سے یہ کروں گا کہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۳۱ میں اسلامی طرز زندگی گزارنے کی مکمل تلقین کی گئی ہے لیکن عملاً اس آرٹیکل کا وجود نہیں ہے اس لیے وفاق کو یادداشت بھیجا جائے کہ اسلام کی اس آرٹیکل پر مکمل عمل درآمد کیا جائے آخر میں معزز رکن محترم کچکول علی صاحب نے باتیں ایسی کیں ان کو مناسب نہیں تھا کہ وہ خود بھی مسلمان ہے اس لیے کہ ہر فن کے لیے ماہر کا ہونا ضروری ہے اس لیے میں ان سے گزارش کروں گا کہ وہ صرف تیمم کے فرائض اس ایوان کے سامنے بتائے تو میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں پھر وہ قاضی بھی بن سکتے ہیں باقی رہا مسئلہ۔ چونکہ اسلامی نظریاتی کونسل میں جج صاحبان بھی ہیں علما بھی ہیں قانون دان

بھی ہیں سب ہیں لیکن کچکول صاحب کی باتیں خلاف مضمون ہے۔ اس لئے وہ باتوں سے توبہ بھی کرے اور اس ایوان سے معافی بھی مانگے۔

جناب ڈپٹی اسپیکر - میر طارق محمود کھیتوان

میر طارق محمود کھیتوان (صوبائی وزیر) - جناب والا مولانا صاحب نے ہمیں یہاں تبلیغ سنائی ہے مسلمانوں پر تبلیغ نہیں ہوتی ہے غیر مسلموں پر اگر تبلیغ کی جائے تو بہتر اور اچھا عمل ہے ہم سب مسلمان ہیں ہمارا ایمان پختہ ہے اس کے علاوہ یہ اب تک معلوم نہیں کہ یہ کس فرقے کی بنی ہوئی کتاب ہے اسلامی نظریاتی کونسل نے جو یہاں کتاب بھیجی ہے اس کے لیے ہم چاہتے ہیں کہ یہاں حنفی اور دیوبند کے علاوہ یہاں پاکستان میں مختلف سیاسی پارٹیاں ہیں جن کا اپنا اسلامی نظریہ ہے جماعت اسلامی ہے جماعت علماء ہے نورانی میاں صاحب کی جماعت ہے اور ان کا اپنا جو دوسرا گروپ ہے وہ مولانا سمیع الحق صاحب کا گروپ ہے میری تجویز ہے کہ وہ ایک پریس کانفرنس میں ٹریژری بنچز سے کہ یہ سارے ایک پریس کانفرنس میں بیٹھیں اور اس نظریاتی کونسل پر متفق ہو کر دستخط کریں۔ اس کے بعد یہ رپورٹ اسمبلی میں لائی جائے

جناب ڈپٹی اسپیکر - جی حاجی محمد شاہ مردان زئی۔

حاجی محمد شاہ مردان زئی (وزیر) - بسم اللہ الرحمان الرحیم جناب اسپیکر جس دن اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ اسمبلی میں پیش ہوئی تھی اس دن میں اسمبلی میں نہیں آیا تھا یہ کتاب میرے پاس نہیں ہے میری یہ تجویز ہے کہ یہ رپورٹ کسی کمیٹی کے پاس ارسال کر دیں سپرد کر دیں۔ وہ اس کے لیے ایک اچھا لائحہ عمل تیار کرے پھر وہ اسمبلی میں پیش کرے۔ آج کل بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارے نظریاتی کونسل کے جو چیرمین ہیں اس کو بھی بالکل نماز نہیں آتی ہے جب ہم یہ رپورٹ بھیج بھی دیں تو وہ کیا اس کو کریں گے۔ وہاں پر جو نظریاتی کونسل کا چیرمین چنا گیا حقیقت میں مولانا صاحب نے کہا تھا کہ ہر مرض کے لیے اسپیشلسٹ ضروری ہے ضروری نہیں کہ کچکول علی صاحب ہر چیز بھی جانتا ہے اس طرح نہیں ہے اگر اس سے بھی پوچھ لیں تو اس کو بھی نماز نہیں آتی ہوگی۔ لیکن بات یہ ہے کہ وہاں پر جو چیئرمین ہے اس کو بھی نماز نہیں آتی ہے وہ ہماری رپورٹ کیا کریں گے کیا پڑھیں گے اگر مولانا صاحبان اس میں مخلص ہیں تو اس میں ایک

سپیشل کمیٹی بنالیں اور مولانا صاحب بھی اس میں ہو اور اس میں باقاعدہ رپورٹ بنا کر اسمبلی میں پیش کرے پھر اس پر بات کرسکتے ہیں ایسے کوئی فائدہ نظر نہیں آرہا ہے ایسے ہم کوئی سفارش کریں کہ وہاں بھیج دیں نہ مولانا صاحب نے کوئی اچھی تجویز دی ہے کہ ہم اس پر متفق ہوسکتے ہیں یہ رپورٹ اگلے سال بھی آیا تھا ہم اس کمیٹی میں تھے لیکن بدقسمتی سے یہ ہوا تھا کہ کوئی میٹنگ کے لیے کوئی نہیں آتا تھا خود مولانا صاحب نہیں آتے تھے میں مولانا صاحبان سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اس کمیٹی کے ممبر ہوجائیں یا چیرمین ہوجائیں تو اس میں کوئی اچھی رپورٹ بنا کر اس اسمبلی میں پیش کرے یہ اسلامی مسئلہ ہو تاکہ اسلام کے لیے فائدہ مند ثابت ہوجائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی اسپیکر — جناب عطا اللہ صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر ہے بعد میں جمالی صاحب بولیں۔

مولانا عطا اللہ — جناب والا پوائنٹ آ آرڈر۔ میرا خیال ہے جو مردان زئی صاحب نے تجویز دی ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے اس نے خود بھی بتایا کہ اس کو پچھلے سال بھی ایک سرد خانے میں ڈال دیا گیا تھا اس لیے جو میں نے تجویز دی ہے کہ اس کو سفارش بھی بنا کر بھیج دیں تو یہ زیادہ مناسب رہے گا۔ شکریہ۔

میر عبدالنبی جمالی (وزیر) — بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب اسپیکر تھوڑی سی تاریخ کی طرف میں جاہوں گا یہ ملک جو وجود میں آیا اس کی بنیاد اسلام تھی ہم نے جب پارٹیشن کی تو اس کی بنیاد یہ تھی کہ مسلمان اور ہندو اکٹھے نہیں رہ سکتے کیونکہ ہندو جو تھے وہ مسلمانوں کا حق مار رہے تھے اور اس کے بعد انگریز اور ہندو مل کر کشمیر کے تنازعات ہمارے لئے لے لائے تو بنیادی طور پر یہ ملک اسلام کے لیے بنا تھا اور اسلام سے ہم لوگوں نے روگردانی کی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا اگر اسلام ہوتا تو بھائی چارہ ہوتا، محبت ہوتی، دوستی ہوتی اور مشرقی پاکستان ہم لوگوں سے نہ جاتا۔ مشرقی پاکستان کے ٹوٹنے کی وجوہات یہ تھیں کہ اس کو حقوق نہیں ملے اسلام نہیں تھا لہٰذا پاکستان آدھا رہ گیا یہ جو رپورٹ آئی ہے میں مختصر عرض کرنا چاہتا ہوں اس پر بڑا غور و خوض ہوا ہے یہ رپورٹ ایسے نہیں آئی ہے میں مانتا ہوں کہ مولانا صاحبان میں بڑا ڈفرنس difference ہے ایک دوسرے کی مسجد میں نہیں جاتے ہیں ایک دوسری کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے ہیں ہم پر تو فتویٰ لگاتے

ہیں یہ رپورٹ جو آئی ہے یہ مکمل رپورٹ ہے سب نے مل کر بنائی ہے میں سمجھتا ہوں اس کی حمائیت کرنی چاہئے اس کو پاس کر دینا چاہئے میں اس کی حمائیت کرتا ہوں- شکریہ-

جناب ڈپٹی اسپیکر - جی خان صاحب-

مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی (وزیر) - جناب اسپیکر صاحب میں مختصراً کچھ اس موضوع پر عرض کروں گا آج یہ بڑا حساس موضوع ہے اس کے متعلق ہمارے معزز ممبر صاحب نے بڑا اچھا اظہار خیال کیا- مولانا صاحب نے بڑی اچھی تقریر کی- اور سرمن sermon سنائی دراصل قصہ یہ ہے جہاں تک اسلام کے بنیادی عقائد قرآن اور شریعت کا تعلق ہے اس کے متعلق قانون نافذ کرنے کا تعلق ہے ہمارے ملک جس کی آبادی دس بارہ کروڑ ہے سارے ملک میں اس سے کسی کو اختلاف نہیں ہے اور سب یہ چاہتے ہیں کہ جلد سے جلد یہ نظام نافذ ہو جائے- اور ہم سب اس بات پر متفق ہیں مگر سوال یہ ہے کہ یہ شریعت اس ملک میں نافذ ہو کیوں نہیں رہا ہے اصل بات یہ ہے ضیاالحق فوجی حکمران تھا مارشل لاء کے اختیارات بھی اس کے پاس تھے صدر بھی تھا سارے اختیارات بھی اس کے پاس تھے اس نے اپنا سارا زور لگایا کہ اس ملک میں شرعی نظام نافذ ہو جائے مگر وہ نافذ نہ کر سکا- اور ہمارے پاس جو وکلا صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں ان کو بھی اس بات کا پتہ ہے کہ ضیاء الحق اس ملک میں نفاذ شریعت اس لئے نہیں کر سکا کہ اگر نظام اسلام یہاں لاؤں تو اسی ہزار قاضیوں کی ضرورت ہے- اس نے یہ ٹی وی پر کہا تھا اور مسجد میں ہمارے جو مولوی صاحبان ہیں مولانا صاحب ناراض نہ ہوں اس بات سے یہ بات ضیاء الحق نے ٹی وی پر قوم سے کہا کہ ہمارے ہاں جو اسی ہزار قاضی جو اس کام کے لیے ضرورت ہیں وہ ہمیں میسر نہیں ہیں اور ہمارے مسجد کے جو عام ملا صاحبان ہیں ان کو قضاء کرنے کی یہ استطاعت بھی نہیں ہے ان میں یہ علم بھی نہیں ہے کہ وہ یہ کر سکیں لہٰذا اس ملک میں ہم گویا نفاذ شریعت نہیں لا سکتے کیونکہ ہمارے پاس قاضی نہیں ہیں کہ وہ یہ کام کر سکیں دوسری بڑی وجہ یہ تھی کہ ضیاء الحق اور علماء صاحبان کے درمیان اختلاف اس نکتے پر تھا کہ اسلام کی جو انٹرپریٹیشن ہے اس کی اجازت ان کو دی جائے اور ان کے جو بھی مفکرین اور انٹلیکچول Intellectuals تھے وہ اس بات کو ماننے کے لیے تیار نہیں تھے کیونکہ وہ چاہتے تھے کہ مقننہ سے جو قانون ہے یا شرعی نظام قوم کو دینا چاہتے ہیں پہلے

پارلیمنٹ اس کو پاس کرے اور اس کے لیے واضح احکامات واضح کلاز ہوں کیونکہ سارا قانون قوم
کے سامنے ہو پھر اس کو پارلیمنٹ پاس کرے اور پھر پارلیمنٹ کے پاس کرنے کے بعد عدالتوں اور
کورٹس وغیرہ کو دیا جائے اس وجہ سے ضیا الحق جس نے بڑا زور لگایا وہ اس وجہ سے نافذ نہ کر سکا
بات دراصل بالکل صحیح بھی ہے مثلاً اگر آپ ملا صاحبان کو یہ اجازت دے دیں کہ وہ قضاء شروع کر
دیں اور ہا ملا بذات خود ایک کورٹ ہو اور وہ اسلام کو اس انداز میں انٹرپریٹ کریں تو اسلام کا اس
ملک میں تماشہ بن جائے گا اور وہ تماشہ اس طرح سے بنے گا کہ مثلاً ایک ملا پشاور میں کس کیس
میں ایک فیصلہ دیتا ہے اور بالکل اس نوعیت کے کس اور کیس میں ایک اور ملا کراچی لاہور یا کوئٹہ
میں کوئی اور فیصلہ دیتا ہے اور کراچی والا کوئی اور فیصلہ دیتا ہے تو ملک ایک تماشہ بن جائے گا۔ تو
اس لیے یہ لازمی امر ہے کہ جب تک مقننہ جب تک پارلیمنٹ اور قانون بنانے والے جیسے اپنے
کچکول صاحب نے کہا کہ جب تک وہاں سے قانون صحیح طور پر صحیح طریقے سے نافذ نہ ہو اس وقت
تک اس پر بحث کرنے اور سفارشات کرنے سے کیا فائدہ ہے؟ تو اس کو اوورکم Overcome
کرنے کے لیے مولانا صاحب سے ہم یہ گزارش کریں گے کہ ان کے بڑوں سے جو ان کے استاد
ہیں وہاں پر ملک میں جو قانون ساز ادارہ ہے یہ سفارشات وہ مرتب کریں اور بیشک لائیں ہم تو یہ
کہتے ہیں اگر کل آپ اسلامی نظام لانا چاہتے ہیں تو بے شک آج لاء مگر ایک طریقے سے ایک
مشورہ سے سب کے صلاح و مشورے سے پارلیمنٹ کے مشورے سے یہ نظام آسکتا ہے ویسے
ہماری اور آپ کی سفارشات سے وہ نہیں ہوگا دوسری ب جناب والا۔ میں مولانا صاحب کی
خدمت میں عرض کروں گا وہ یہ کہتے ہیں قوم پرست تعصب اور یہ اور وہ ' ہم سب مولانا صاحب کی
خدمت میں یہ بات عرض کریں گے کہ تعصب اور قوم پرستیں کی بات بار بار نہ کریں ہماری قوم
پرستیں کی جو سیاست ہے جو ہم یہاں اس صوبے میں کر رہے ہیں اس کا مطلب اور اس کی بنیاد
قطعاً تعصب پر نہیں ہے اور اس سے ہمارا مقصد تعصب نہ کرنا ہے یہ تعصب کا نتیجہ آپ نے خود
اخذ کیا ہوا ہے کہ یہ تعصب پر مبنی ہے ہم یہاں پر اپنے علاقے کے کس مخصوص گروپ کا ہم حق
مانگتے ہیں جس کے قرآن میں کئی ثبوت ہیں حضرت موسیٰ کا ثبوت موجود ہے حضرت یوسف کا
ثبوت موجود ہے حضرت داؤد کا ثبوت موجود ہے حضرت ابراہیم کا ثبوت قرآن میں موجود ہے کہ
انہوں نے اپنی قوم کے لیے حاکم وقت سے باقاعدہ سفارشات کیں اور اپنے حقوق مانگے تو قوم

پرستی کوئی گناہ نہیں ہے کوئی جرم نہیں ہے جس کا بار بار یہ کہہ رہے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو اسلام کے بنیادی فلسفہ سے آگاہی نہیں ہے اگر آپ آگاہ ہوتے تو آپ یہ نہ کہتے کہ ہم تعصب کی بنیاد پر یہ سیاست کر رہے ہیں بلکہ حق مانگنا اپنی قوم کے لیے اپنے خاندان کے لیے اپنے قبیلے کے لیے کس کے لیے حق مانگنا بلکہ کسی کے لیے بھی حق مانگنا حق کی بات کرنا اس سے قطعاً تعصب ظاہر نہیں ہوتا ہے اور نہ یہ تعصب ہے تو میں مولانا صاحب سے کہتا ہوں کہ آپ نے یہ جو طریقہ اپنایا ہوا ہے یہ تعصب اور یہ قوم پرستی اس کو آپ ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیں ہماری سیاست قطعاً تعصب پر مبنی نہیں ہے اور نہ ہی ہم خدانخواستہ مسلمانوں میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں جہاں تک اسلام اور شریعت کے بنیادی اصولوں کا تعلق ہے بفضل تعالیٰ ہم سارے مسلمان ہیں ہم یہی چاہتے ہیں کہ اس ملک میں شرعی نظام قائم ہو اور طریقے سے قائم ہو پارلیمنٹ اس کو قائم کرے یہاں جو نمائندے ہیں جو قانون ساز ادارہ ہے وہ اس کو قائم کرے ہم قطعاً اس سے اختلاف نہیں کرتے لہٰذا اس پر بحث کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے یہ مرکزی حکومت کا بنیادی کام ہے وہ اگر اس سلسلے میں پہل کرے تو انشاءاللہ ہماری طرف سے ہر قسم کا تعاون آپ کو اور مرکزی حکومت کو حاصل ہوگا شریعت لانے کے لیے ہمارا تعاون حاصل ہوگا۔ باقی یہ بات مولانا صاحب اس ملک میں دو قانون نہیں بن سکتے۔ جیسا کہ آپ نے اپنے سرمن یعنی وعظ میں بات کہی کہ ہم بلوچستان کی حد تک اپنا قانون بنالیں اور مرکز جانے اور اس کا کام جانے' یہ ایسا نہیں ہے یہ بات قطعاً غلط ہے اور ایسا ہو بھی نہیں سکتا ہم اس ملک کے قانون کے ساتھ چلیں گے اور ملک کا قانون ساز ادارہ پارلیمنٹ ہے پارلیمنٹ جو بھی قانون بناتا ہے جو بھی قانون بنائے ہم اس کے پابند ہوں گے اور ہم یہ سفارش زیادہ سے زیادہ مرکزی حکومت سے کر سکتے ہیں کہ وہ اسلام قرآن اور سنت کے مطابق قانون بنائے اور جہاں تک اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں اس ہاؤس میں پہلے بھی ایک کمیٹی بنی تھی اور اس کمیٹی نے کافی غور و خوض کیا میرے خیال میں اس کمیٹی کے منٹس وغیرہ اسمبلی کے ریکارڈ میں موجود ہوں گے۔ میں دوبارہ یہ تجویز پیش کروں گا کہ یہ جو اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ ہے وہ ہم سے سفارشات مانگ رہے ہیں اس سلسلے میں ہم سارے ساتھی مل کر ایک کمیٹی بنالیں اور یہ معاملہ اس کمیٹی کو سپرد کر دیں اور کمیٹی اپنی سپیسفک سفارشات اور ریکمنڈیشنز لے آئے جس پر ایوان میں غور کیا جائے اس طرح اگر ہم اور آپ ہر ایک اپنی اپنی بات کرے گا تو اس کا کوئی نتیجہ نکلے گا لہٰذا میں پھر اپنے ساتھیوں سے کہوں گا کہ وہ

ایک کمیٹی تشکیل دیں اور یہ کمیٹی اس ساری رپورٹ کو پڑھ کر صلاح و مشوری سے اپنی سفارشات مرتب کرے جو ہم آگے مرکزی گورنمنٹ کو بھیجیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی اسپیکر — کوئی اور معزز رکن؟

ڈاکٹر کلیم اللہ (وزیر) — جناب اسپیکر صاحب۔ اس سے پہلے کہ ایون کی کارروائی ختم ہو جائے اس میں ایک دو ناموں کی ڈپلیکیشن duplication ہوئی ہے ہمیں اس کی درستگی کے لیے چانس دے دیں۔

جناب ڈپٹی اسپیکر — میں آپ کو موقع دے دوں گا۔

ڈاکٹر کلیم اللہ (وزیر) — شکریہ۔

جناب ڈپٹی اسپیکر — جن معزز اراکین اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور جو تجاویز دی ہیں کچھ معزز اراکین نے کمیٹی کے بارے میں بات کی ہے میں معزز اراکین سے یہ استفسار کروں گا کہ اس رپورٹ کو قانون کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ وہ رپورٹ مرتب کرے یا وہ اس کو اگلے سیشن میں لایا جائے۔

مولانا عبدالواسع — اس کمیٹی میں حزب اختلاف سے کوئی رکن نہیں ہوگا اگر تمام جماعتوں سے ایک ایک رکن لے لیں تو بہتر ہوگا اس میں حزب اختلاف کا کوئی آدمی نہیں ہے۔

مسٹر کچکول علی — جناب اسپیکر صاحب میں نے اپنی تقریر کے دوران سی ایم صاحب سے بھی گزارش کی تھی کہ یہ ایک لیگل اشو Legal issue ہے ہر ایک پارٹی سے بے شک ایک ایک رکن ہو لیکن چونکہ ایڈووکیٹ جنرل کی یہاں ایک چیئر بھی ہے اس کو آپ اس کمیٹی میں بھی شامل کر لیں۔

جناب ڈپٹی اسپیکر — مولانا صاحب نے تجویز پیش کی ہے کہ تمام پارٹیوں سے ایک ایک ممبر معزز ممبر اس کمیٹی کا رکن بنایا جائے آپ ان کا نام دے دیں۔

مولانا عبدالواسع — جناب آسان طریقہ تو یہ کہ جتنی بھی یہاں پارلیمانی پارٹیاں ہیں ان

کا ہر ایک پارلیمانی لیڈر اس میں شامل ہو یہ بہتر تجویز ہے۔

جناب ڈپٹی اسپیکر ۔ مولانا صاحب اس تجویز سے اتفاق ہے کہ ہر پارٹی کا پالیمانی لیڈر اس کمیٹی ترتیب وائیز اس کے ممبر ہوں گے اور وہ کمیٹی اگلے سیشن میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ تجاویز پیش کرے گی شکریہ۔

مولانا عطاالله ۔ اس کمیٹی کا چیئرمین ابھی مقرر کیا جائے تاکہ مزید تاخیر نہ ہو۔

جناب ڈپٹی اسپیکر ۔ جناب مولانا صاحب وہ کمیٹی جب میٹ meet کرے گی وہ اپنا چیئرمین بعد میں خود ہی منتخب کرے گی۔ وزیر قانون ڈاکٹر کلیم اللہ صاحب کمیٹیوں کی تصیح کے لیے اپنی تحریک پیش کریں۔

ڈاکٹر کلیم اللہ (وزیر) ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں جیسا کہ کچھ کمیٹیوں میں ناموں کی ڈپلیکیشن Duplication ہوئی ہے اس کی تصیح کے لیے تحریک پیش کرتا ہوں کہ۔ جن میں کمیٹی نمبر ۲ مجلس قائمہ برائے جنرل ایڈمنسٹریشن جس میں جنگیز مری صاحب کا پہلے سے نام موجود تھا دوسرا نام اس کے لیے حاجی محمد شاہ مردان زئی کا نام پیش کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی نمبر ۸۔ مجلس برائے سرکاری مواعید اس کے لیے جناب عبدالنبی جمالی صاحب کا نام پیش کرتا ہوں امید ہے آپ اس کی منظوری دے دیں گے۔

جناب ڈپٹی اسپیکر ۔ سوال یہ ہے کہ یہ تحریک جو وزیر قانون نے پیش کی ہے تصیح تحریک منظور کی جائے۔ (تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی اسپیکر (جناب ارجن داس بگٹی) ۔ محترم قائد ایوان وزراء صاحبان قائد حزب اختلاف اور معزز اراکین۔ آج ہماری صوبائی اسمبلی کے موسم خزاں کے رواں اجلاس کا آخری دن ہے اس اجلاس میں معزز ایوان نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا اجلاس کی نمایاں خصوصیت یہ رہی ہے کہ آئین کی دفعہ ۵۴ کے ذیلی دفعہ ۲ کے فقرہ شرطیہ میں مندرجہ وضاحت کے مطابق صوبائی اسمبلی پر لازم ہے کہ وہ سال میں کم از کم ۷۰ دن کام کرے آئین کا یہ تقاضہ ہے اس سے پہلے یہ اسمبلی کبھی بھی پورا نہ کر سکی لیکن یہ اعزاز موجودہ اسمبلی کو حاصل ہے

کہ اس نے اپنے مقررہ ۷۰ دن پورے کر لیے ہیں مزید براں اگرچہ اس اجلاس کے دوران کوئی قانون سازی کا کام زیادہ نہیں ہوا مگر قومی اہمیت کے مسائل پر غور خوص کرنے میں معزز اراکین نے بھرپور حصہ لیا جو آپ سب پر عیاں ہے۔ میں تمام اراکین کو محبت اور اخلاص کے مقدس جذبات پیش کرتا ہوں تعمیر پاکستان اور محبت و ترقی وطن کے جذبات عالیہ کے ساتھ ساتھ بہ توفیق الٰہی اس ایوان بلوچستان میں آپ سب تشریف فرما ہیں میں دست دعا دراز کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ آپ سب کو تعمیر بلوچستان حفظ حریت محبت باہمی اور تعمیر پاکستان کے لیے فکر عمل کی ہر توانائی عطا فرمائے اور ہم سب کا منتہا مقصود و فلاح اور بہبود بلوچستان رہے۔

میں قائد ایوان وزرا صاحبان قائد حزب اختلاف و معزز اراکین کا خلوص دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے رواں اجلاس میں ہمارے ساتھ پورا پورا تعاون کیا میں صحافی حضرات کا بھی ممنون ہوں کہ انہوں نے بڑی محنت اور دل چسپی کے ساتھ اسمبلی کی کارروائی صوبے کے عوام تک پہنچائی میں ضلعی انتظامیہ کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بھی اپنے فرائض منصبی نہایت دیانت داری اور خلوص کے ساتھ سرانجام دیے۔

آخر میں میں اسمبلی سیکرٹریٹ کے آفیسران اور عملہ کا شکریہ ادا کیے بغیر نہیں رہ سکتا جن کی شب و روز ان تھک محنت کی بدولت اسمبلی کی کارروائی پایہ تکمیل کو پہنچی۔ میں آپ سب حضرات کا دوبارہ شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی اسپیکر ۔ اب سیکرٹری اسمبلی گورنر صاحب کا حکم نامہ پڑھ کر سنائیں گے۔

order

In Exercise of the power conferred on me by clouse (b) of Article 109 of the constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, I, Lt General (R) Imran ullah khan, Governor Balochistan here by Prorogue the Provincial Assembly of Balochistan on Mondays the 17th October, after the session is over.

Dated Quetta the

16th October, 1994.

Sd/-

(LT. General Imran ullah khan)
Governor Balochistan.

جناب ڈپٹی اسپیکر ۔ اب اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس ایک بج کر پندرہ منٹ دوپہر۔ غیر معینہ مدت تک ملتوی ہو گیا)